© rasailojaraid.com



تفقہ واجتہاد، مذاہب ائمہ خصوصاً مذہب ابوحنیفہؒ کی معرفت پر اپنے زمانے کے عدیم النظیر امام تھے موصوف کی ۳۰ مؤلفات میں معانی الآثار اور مشکل الآثار کو بہت زیادہ شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی ۔ معانی الآثار (طحاوی شریف) موصوف کی پہلی تصنیف ہے جسے وجوہِ استنباط ، تمیز ناسخ ومنسوخ ، رفع معارضات اور کئی اہم خصوصیات کے پیش نظر دار قطنی، بیہقی، دارمی بلکہ سنن ابی داؤد، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ پر بھی فوقیت اور ترجیح حاصل ہے۔ انہی خصوصیات کے پیش نظر اسے دورہ حدیث اور وفاق المدارس کے نصاب تعلیم میں اہم مقام حاصل ہے ۔ معانی الآثار کی متعدد شروحات بالخصوص مولانا محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی امانی الاحبار کے ہوتے ہوئے بھی افادۂ عامہ کی ضرورت کے پیش نظر مختصر مگر جامع اردو شرح کی ضرورت تھی، ایضاح الطحاوی اسی ضرورت کی تکمیل ہے جسے حضرت مولانا شبیر احمد قاسمی مدظلہ نے پورا کر دیا ہے جس میں التزام کے ساتھ ہر باب کے شروع میں اس کے مسائل کی تعداد ومباحث کی توضیح حل عبارت بالخصوص امام طحاویؒ کی مشکل عبارتوں اور "نظر طحاوی" کی پوری وضاحت کر دی گئی ہے۔ "فذھب قوم" — اور "خالفھم فی ذٰلک اٰخرون" کے مصداق کی مستند حوالوں کے ساتھ تعیین کی گئی ہے ۔ ائمہ متبوعین ومجتہدین ، فقہاء اور محدثین کے مذاہب کی تفصیل اور تعارضِ روایات کو دفع کرنے کی کامیاب سعی کی گئی ہے ۔

کتاب ایک انمول تحفہ اور علمی سوغات ہے جو اساتذۂ حدیث ، طلبہ علوم نبوت ، جمہور احناف اور اہل علم کے لیے یکساں طور مفید اور ہر لحاظ سے نافع ہے ــــ ہمارے نوجوان اور باہمت رفیق جناب قاری تنویر احمد صاحب تدریسی حلقوں اور اہل علم کے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے اس کی عمدہ طباعت اور شاندار اشاعت میں بھرپور دلچسپی سے کر واقعتہً ایک عظیم خدمت انجام دی ہے ۔ (عبدالقیوم حقانی)

**جہادِ افغانستان اور فتح مبین**
تالیف: مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی ــ صفحات ۲۴۰ ــ قیمت ۳۳/- روپے
ملنے کا پتہ :- ادارہ صدیقیہ نزد حسین ڈی سلوا گارڈن ویسٹ نشتر روڈ کراچی ۳

یہ کتاب اسلام کی احیاء کی عظیم تحریک جہادِ افغانستان سے متعلق ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ روس جس کو غرور تھا کہ وہ سپر پاور ہے "اللہ عظیم وبرتر نے اُس کے اس دعوے کو خاک میں ملا دیا۔ روس کا دعویٰ تھا کہ وہ چند گھنٹوں میں افغانستان کو فتح کرے گا مگر دنیا نے دیکھا کہ دس سال مار کھانے کے بعد بالآخر سرزمین افغانستان سے ذلیل وخوار ہو کر اسے واپس جانا پڑا ۔ یہ جہادِ افغانستان ہی کی برکت ہے کہ آج دنیا میں آزادی کی لہر اُٹھ رہی ہے اور کمزور قوتوں میں بڑی طاقتوں کے مقابلے کی ہمت پیدا ہو رہی ہے ۔ جہادِ افغانستان نے عملاً مسلمانوں کے لیے یہ سمت متعین کر دی ہے کہ ان کی شان وشوکت اور فلاح وکامرانی جہاد میں مضمر ہے ۔

پیش نظر کتاب جہادِ افغانستان پر تحقیقی اور مشاہداتی دستاویز ہے جس کے مطالعہ سے جہاد کی عظمت اور شوق پیدا ہوتا ہے ۔ مجاہدین کی نصرت کے حیران کن واقعات ، جہاد کی عظمت واہمیت ، جہاد کی شرعی حیثیت ،



© rasailojaraid.com